# رسید تحائف احباب

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں ایک تحفہ..... تجارت کے فضائل وآداب ..... کا ہے، جس میں قرآن وسنت کی روشنی میں تجارت کے فضائل اورآداب، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام کی تجارت پر مشتمل مفصل بیان ہے..... کتاب کے اہم عنوانات حسب ذیل ہیں:

کسب اور خرید وفروخت کے احکام کا بیان، ادھار معاملہ لکھنے اور گواہ بنانے کا حکم، جمعہ کی اذان کے بعد خرید وفروخت کا شرعی حکم، کسب حلال کی اہمیت اور حرام ومشتبہ کمائی سے بچنے کا حکم، کسب حلال کے فوائد، تجارت اور تاجر کے فضائل، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سلف صالحین کی تجارت کا بیان، تجارت کے آداب، تجارت میں قسمیں کھانے کا بیان، قرض اور قرض حسنہ کے احکام ومسائل، مقروض کو مہلت دینے کا حکم، جعلی نوٹوں اور سکوں کا کاروبار، ذخیرہ اندوزی کا بیان، سود اور اس کے مفاسد کا بیان، خون کی تجارت، بازار کے احکام، ناپ تول کے احکام، خون کی تجارت، شراب اور جوئے کے احکام، مجسموں کی تجارت، اور دیگر بہت سے احکام......

مفتی ڈاکٹر منظور احمد صاحب نے یہ کتاب اسلامک ریسرچ سینٹر بحریہ ٹاؤن راولپنڈی سے شائع کی ہے..... ۶۰۰ صفحات کی یہ کتاب خوبصورت سرورق کے ساتھ مجلد شائع ہوئی ہے اور مسجد عثمان غنی، عثمان بلاک بحریہ ٹاؤن راولپنڈی سے دستیاب ہے..... ہدیہ درج نہیں......

جولائی میں ملائیشیا اور سنگاپور کے سفر کا اتفاق ہوا، جہاں متعدد علماء ومشائخ سے ملاقاتیں ہوئیں ہر ایک نے کوئی نہ کوئی تحفہ کتاب کا عنایت کیا۔ان میں سے ایک تحفہ..... فتاوی سنگاپور..... ہے۔یہ انگریزی زبان میں ہے اور اس کا ٹائٹل ہے Fatawas of Singapore (vol-1) Science, Medicine and Health.

گویا اس میں سائنسی علوم ومسائل سے متعلق فتاوی ہیں۔ کتاب کے مشمولات حسب ذیل ہیں۔ سنگا پور میں فتاوی کا ارتقاء اور نظم، تعیین مفتی (مفتی ریاست) سنگا پور میں فتاوی میں مفتی کا کردار، اور فتاوی کا طریق کار، فتوی کمیٹی اور اس کی ذمہ داریاں، فتاوی کمیٹی میں ماہرین طب وسائنس کی شمولیت اور ان کا کردار......

اس کتاب میں شامل بعض فتاوی کے عناوین...... فیملی پلاننگ اور مصنوعی عمل تولید، ابارشن کے مسائل، سپرم بینک، ٹیسٹ ٹیوب بے بی، عطیہ اعضاء اور اعضاء کی پیوند کاری، دماغ کی موت کے حوالہ سے شرعی نقطہ نظر، انسانی ٹشوز کا استعمال، حرمت انسانی، کلوننگ کے مسائل، انسانی علاج معالجہ میں مصلحہ کی رعایت، طبی نقطہ نظر سے نجاست اور اس کے شرعی احکام، دواؤں میں الکوحل کا استعمال، آپریشن اور پوسٹ مارٹم، مختلف ویکسینز کے استعمال کا حکم، علاج میں عورۃ سے متعلق مسائل و احکام، گردوں کا علاج بذریعہ ڈیالسز، تدخین سے متعلق شرعی احکام......

ہم نے صرف چند بڑے عنوانات پر اکتفا کیا ہے، کتاب کی فہرست میں بہت سے جزوی مسائل شامل ہیں...... کتاب کا مقدمہ مفتیٔ سنگا پور صحب السماحۃ مفتی محمد فاطرس بن بکرام نے لکھا ہے، جو فتوی کمیٹی کے چیئرمین بھی ہیں...... پیش لفظ جناب شیخ سید عیسی بن محمد نے تحریر فرمایا ہے۔ جو کہ مفتی آفس کے مشیر ہیں۔ کتاب میں فتاوی کے علاوہ ایڈمنسٹریشن آف مسلم لاء ایکٹ سنگا پور کا باب سوم اور دیگر لیگل امور سے متعلق دستاویزات شامل ہیں......

کتاب مجلس علماء اسلام سنگاپور نے ۲۰۱۷ء میں شائع کی ہے جس کی بنیاد حضرت شاہ عبدالعلیم صدیقی (رحمۃ اللہ علیہ) نے ۱۹۳۲ میں رکھی تھی۔ اب اس مجلس کا نام اسلامک ریلیجیس کونسل آف سنگا پور ہے۔ راقم الحروف کی ملاقات اس کونسل کے بعض اراکین سے ہوئی...... جن مئیں جناب جسٹس استاذ محمد فضلی جسٹس شریعہ کورٹ Justice Ustaz Fazalee ( Qazi Shariah Court Singapore )
اور جناب نظیرالدین محمد ناصر صاحب شامل ہیں، آخرالذکر عالم دین نے ہمیں یہ تحفہ عنایت فرمایا...... اللہ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے (آمین)

کتاب حاصل کرنے کا پتہ ہے: اسلامک ریلیجیس کونسل آف سنگا پور (MUIS) ۲۰۰ صفحات پر مشتمل بین الاقوامی معیار کی طباعت وٹائیٹل کے ساتھ یہ کتاب اصلاً مالائی زبان میں شائع

ہوئی ہے اور اس کا انگریزی ترجمہ جناب نظیرالدین محمد ناصر صاحب نے کیا ہے۔ہمیں ملنے والا نسخہ مترجم (انگریزی) ہے۔

ایک اور تحفہ سفر ملائشیا میں ہمارے میزبان، بینک نگارا ملائیشیا (سینٹرل بینک آف ملائشیا)، نے ہمیں پیش کیا اور یہ ہے......القضایا المعاصرۃ فی التمویل الاسلامی......(مناقشۃ فی الندوۃ العالمیۃ لعلماء الشریعۃ ۲۰۰٦م)

۲۰۰٦ء میں علماء شریعت کی ایک بین الاقوامی کانفرنس میں پیش کئے گئے مقالات پر مشتمل یہ کتاب ایک دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔اس کے عنوانات میں درج ذیل خصوصی اہمیت کے حامل ہیں ا......اختلاف ال آراء والفتاوی فی احکام الشریعۃ، اثرہ فی صناعۃ المالیۃ الاسلامیۃ۔

۲......الاختلاف فی تفسیر الشریعۃ وتاثیرہ علی القطاع المالی الاسلامی

۳......التعویض عن الضرر والغرامۃ علی التاخیر فی الدیون

دراسۃ تطبیقیۃ علی المؤسسات المالیۃ الاسلامیۃ فی دولۃ الکویت

۴......مبداء التفویض والغرامۃ المالیۃ فی مواجہۃ مماطلۃ الدیون فی المال الاسلامی

۵......مشکلات الدیون المتاخرات وکیفیۃ ضمانہا فی البنوک الاسلامیۃ

دراسۃ فقہیۃ لغرامات التاخیر والبدائل

٦......ادارۃ السیولۃ فی البنوک الاسلامیۃ

۷......ادارۃ السیولۃ فی المصرف الاسلامی وکیفیۃ تطبیقہا من الجہۃ الشرعیۃ

۸......اہمیۃ ادارۃ السیولۃ فی المالیۃ الاسلامیۃ وکیفیۃ تلائم الشریعۃ فی تطبیقہا

۹......الابراء فی التمویل الاسلامی تکییفا وتطبیقا

۱۰......مبداء الابراء فی التمویل الاسلامی تکییفا وتطبیقا

زیر نظر کتاب ۴۱۸ صفحات پر مشتمل ہے اور بینک نیگارا ملائشیا نے اسے مکتبۃ الوطنی المالیزیا سے شائع کروایا ہے۔اسی کتاب کا انگریزی ترجمہ بھی ہمیں تحفۃ عنایت کیا گیا جس کا عنوان ہے۔

Contemporaray Issues in Islamic Finance. Delibration at the International Sharia Scholars Dialogue 2006.

انگریزی ترجمہ کمزور ہے اور عربی مقالات کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔ پاکستان میں اگر ان دونوں کتابوں کو سامنے رکھ کر ان کا کوئی آسان سا اردو ترجمہ کر دے تو یہ بڑی خدمت ہوگی۔

ایک اور تحفہ سنگاپور کے علماء کرام کی جانب سے سفر سنگاپور کے دوران عنایت ہوا، اس کا عنوان ہے

Reaping Rewards As if living for 7000 years.۔

یہ کتاب جناب استاذ السید احمد حارث السہیمی کی تحریر کردہ ہے جسے مقامی زبان سے انگریزی میں پروفیسر محمد مزدیوکی محمد اسحاق نے منتقل کیا ہے۔ کتاب کے اہم عنوانات حسب ذیل ہیں۔

عبادات، معاملات، نماز، زکوۃ، اذان، ذکر، دعاء، مسجد کی اہمیت، فضائل، حج وعمرہ کے فضائل، لیلۃ القدر اور دیگر ایام ولیالی کی اہمیت......

۳۰۰ سے زاید صفحات پر مشتمل یہ کتاب تبلیغی انداز کی ہے اور عامۃ الناس کی دینی رہنمائی کے حوالہ سے مفید ہے...... قیمت درج نہیں......اس کتاب کو Nusantara Books نے سنگاپور سے شائع کیا ہے اس ادارے کی مزید کتب کے بارے میں فیس بک سے معلومات مل سکتی ہیں......ان کا فیس بک ایڈریس ہے .NusantaraBookssg@

ایک اور تحفہ حضرت مولانا عبدالجبار احمد نقشبندی صاحب زیدمجدہم، کی طرف سے ہمیں موصول ہوا ہے جس کا عنوان ہے...... نجوم الہدایہ فی شرح الہدایہ......ہمیں ملنے والا یہ پہلا نجم ہے جب کہ دیگر کا انتظار ہے اب دیکھیں کب یہ نجوم طلوع ہوتے اور ہم تک اپنی روشنی پہنچا کر ہمیں منور کرتے ہیں۔ ہدایہ کی اس مختصر شرح کے مؤلف جناب مولانا ابوالحسن محمد شہزاد رضا اختر القادری ہیں کتاب کے شروع میں پچاس سے زاید فقہاء کا تعارف شامل کیا گیا ہے۔ تین سو صفحات کی یہ خوبصورت سرورق والی کتاب مجلد ہے اور طلبہ کے لئے نہایت مفید......مؤلف محترم نے بڑی محنت اور جانفشانی سے ترجمہ وتشریح کا کام مکمل کیا ہے۔ اللہ رب العزت ان کی اس سعی بلیغ کو شرف قبولیت عطا فرمائے (آمین)

کتاب مکتبۃ الفیضان سے مل سکتی ہے جس کا پتہ ہے متصل جامع مسجد فاران مارٹن روڈ نزد پی آئی بی کالونی کراچی۔

☆احتکار: لوگوں کی ضرورت کے وقت گرانی کی نیت سے غلہ کو روکنا احتکار کہلاتا ہے☆